ان دونوں نے سچ کہا تھا ان کو ایسا عذاب ہوتا ہے کہ اسے سب مویشی بھی سنتے ہیں.

عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ مدینہ کی یہودی بوڑھی عورتوں میں سے دو بوڑھیاں میرے گھر آئیں اور انھوں نے کہا: قبروالوں کو ان کی قبروں میں عذاب دیا جاتا ہے میں نے ان دونوں کو جھٹلایا اور ان کی تصدیق کی لیے ہاں تک کہنا گوارا نہ کیا، وہ چلی گئیں اور رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے، تو میں نے آپ سے کہا: اے اللہ کے رسول! میرے پاس مدینہ کی یہودی عورتوں میں سے دو بوڑھیاں آئی تھیں، ان کا خیال تھا کہ قبر والوں کو ان کی قبروں میں عذاب دیا جاتا ہے آپ نے فرمایا : ”ان دونوں نے سچ کہا تھا ان کو ایسا عذاب ہوتا ہے کہ اسے سب مویشی سنتے ہیں“ اس کے بعد میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ ہر نماز میں قبر کے عذاب سے پناہ مانگتے تھے

[صحیح] [متفق علیہ]

مدینہ کی دو یہودی بوڑھی عورتیں عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئیں اور کہنے لگیں کہ مردوں کو ان کی قبروں میں عذاب ہوتا ہے عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان دونوں کو جھٹلادیا اور ان کی تصدیق کرنا گوارا نہ کیا؛ کیوں کہ یہودیوں کےجھوٹ، دین میں افتراپردازی اورکتاب میں تحریف کی وجہ سے ان کا دل مطمئن نہ ہو سکا وہ ان کے پاس سے چلی گئیں جب رسول اللہ ان کے پاس تشریف لائے، تو ان یہودی عورتوں کی بات بتائی آپ نے نے فرمایا: ان دونوں نے سچ کہا! بے شک مردوں کو ان کی قبروں میں عذاب ہوتا ہے، جسے تمام جانور سنتے ہیں! عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ اس کے بعد انھوں نے رسول اللہ ﷺ کی کوئی ایسی نماز نہیں دیکھی، جس میں آپ نے عذاب قبر سے پناہ نہ مانگی ہو

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/11206